# 12-03-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ ارکانِ اسمبلی انحراف معاملہ میں بی آر ایس کی درخواست پر سماعت مکمل ہونے سپریم کورٹ کا اعلان۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں حیدرآباد میں نٹ فلکس آئی لائن اسٹوڈیو کا افتتاح۔

۳۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان اسٹراٹیجک حکمتِ عملی، ملک کے مفادات اور بیرون ملک مقیم ہندوستانی شہریوں کی سلامتی کو اولین ترجیح دے رہا ہے۔

اور

۴۔ ریاست کے ضلعی ہیڈ کوارٹر میں نومنتخب عوامی نمائندوں کیلئے تربیتی پروگرامس کا انعقاد۔ ریاستی وزرا کی جانب سے دی گئی خصوصی ہدایات۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے مغربی ایشیاء میں کشیدگی کے پیش نظر اپوزیشن کی تنقیدوں کو مسترد کرتے ہوئے ایک بیان جاری کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق یو پی اے دور حکومت میں بدعنوانیوں، زائد قیمتوں کی وجہ سے ہندوستان فراگائیل 5 ممالک کی فہرست میں داخل ہوگیا اور غیر ملکی زرمبادلہ کیلئے راتوں کے اوقات میں پٹرول پمپ بند کردینے کی اس وقت کی حکومت نے کوشش کی تھی۔ کشن ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آج مغربی ایشیاء میں کشیدگی کے عالم میں ہندوستان وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں انتہائی حکمتِ عملی سے کام کر رہا ہے اور

ملک کے مفادات کا تحفظ کیا جارہا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ مرکز اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ڈٹا ہوا ہے کہ بیرون ملک ہر ہندوستانی کی سلامتی سے سمجھوتہ نہ کیا جائے۔اس موقع پر کشن ریڈی نے ستائش کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان جو کبھی کمزور معیشت تھا آج ایک مضبوط طاقت بن گیا ہے۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ عوامی نمائندے اور سرکاری افسران کو چاہیے کہ وہ مرکز اور ریاستی حکومتوں کی جانب سے نافذ کی جارہی مختلف فلاحی اسکیموں کو عوام تک پہنچانے کے لئے سنجیدگی سے کام کریں۔آج کھمم میں 'پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا' کے عنوان سے نو منتخب عوامی نمائندوں کے لیے ایک تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔اس موقع پر وزیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کی گئی 99 روزہ 'پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا' مہم سے افسران اور عوامی نمائندے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اپنے اپنے علاقوں میں ترقی کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ دیہی اور شہری علاقوں میں ریاستی حکومت کی جانب سے نافذ العمل ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں کے ساتھ ساتھ مرکزی اسکیموں کے بارے میں بھی غریب عوام کو واقف کروایا جائے تاکہ یہ اسکیمیں حقیقی مستحقین تک موثر طریقے سے پہنچ سکیں۔

Sound Byte Ponguleti Srinivasa Reddy

Minister Vakiti Srihari

ریاستی وزیر وی سری ہری نے کہا ہے کہ ان کی حکومت غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔ نارائن پیٹ ضلع کے مکتھل منڈل مرکز میں 120 مستحقین کو ایک کروڑ بیس لاکھ روپے مالیت کے کلیان لکشمی اور شادی مبارک اسکیم کے چیکس ریاستی وزیر نے تقسیم

کئے۔اس موقع پر سری ہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں کانگریس حکومت کے قیام کے بعد غریبوں کی بھلائی کے لیے ایسی متعدد فلاحی اسکیمیں نافذ کی جارہی ہیں جن کی مثال ملک میں کہیں اور نہیں ملتی۔

Sound Byte Vakiti Srihari

Amrut Bharat Station Scheme

امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کی توسیع کے تحت کاماریڈی شہر کے ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کے لیے خصوصی فنڈز مختص کرنے کا مرکزی وزیر اشونی ویشنو سے مطالبہ کیا گیا ہے۔اس سلسلہ میں کاماریڈی کے رکن اسمبلی کے وینکٹ رَمنا ریڈی نے نئی دہلی میں مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو سے ملاقات کی اور یہ مطالبہ پیش کیا۔اس موقع پر انہوں نے ایک یادداشت پیش کرتے ہوئے شہر میں اورینٹل اسکول سے درشن تھیٹر تک ترقیاتی کام انجام دینے کی بھی درخواست کی۔

Hockey World Cup

ہاکی ورلڈ کپ ٹورنمنٹ میں کل کھیلے گئے لیگ میچ میں ہندوستانی خواتین ٹیم نے شاندار فتح حاصل کی۔گچی باؤلی اسٹیڈیم میں پول 'بی' کے آخری لیگ میچ میں سلیما ٹیٹے کی قیادت میں ہندوستان نے ویلز کو 1-4 گولز کے فرق سے شکست دیتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔اس میچ میں ہندوستان کی اسٹار کھلاڑی نونیت کور نے 29 ویں، 34 ویں اور 55 ویں منٹ میں ہیٹ ٹرک گول اسکور کرتے ہوئے پلیئر آف دی میچ کا اعزاز حاصل کیا۔ایک اور گول ساکشی رانا نے اسکور کیا، جبکہ ویلز کی جانب سے بیٹسان تھامس نے واحد گول کیا۔ہندوستان کو حاصل ہونے والے 9 پنالٹی کارنرز میں سے دو کو اور ایک پنالٹی اسٹروک کو نونیت کور نے کامیابی کے ساتھ گول

میں تبدیل کیا۔ اس فتح کے ساتھ ہندوستانی ٹیم سات پوائنٹس کے ساتھ پول 'بی' میں سرفہرست رہتے ہوئے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔

NETFLIX

حیدرآباد میں معروف او ٹی ٹی پلیٹ فارم نیٹ فلکس سے وابستہ آئی لائن اسٹوڈیوس کے دفتر کا افتتاح چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کیا۔ ایچ آئی سی سی میں منعقدہ اس تقریب میں آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو، وزارت اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو، فلم اداکار رانا دگوباٹی، نیٹ فلکس آئی لائن کے سی ای او جیف شاپیرو اور تلنگانہ فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیئرمین دل راجو سمیت دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ اس موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ نیٹ فلکس کمپنی کی جانب سے حیدرآباد میں دفتر کے قیام سے امید ہے کہ ہالی ووڈ سے وابستہ دیگر فلمی پروڈکشن ہاؤسیس بھی حیدرآباد میں اپنی سرگرمیاں شروع کریں گے۔

Sound Byte Chief Minister

اس موقع پر سنجے جاجو نے کہا کہ حیدرآباد کو جنوبی ہند میں اے وی جی سی سوپر ہب بنانے کے ریاستی حکومت کے ہدف کو مرکزی حکومت کی مکمل حمایت حاصل ہے۔

Byte - Sanjay Jaju

Speaker

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار نے کہا ہے کہ مسائل کی یکسوئی میں پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا کافی سودمند ثابت ہورہا ہے۔ انہوں نے وقارآباد میں 99 ویں دن کے عوامی حکمرانی اور ترقیاتی منصوبہ سے متعلق سرپنچوں، میونسپل کونسلرس اور چیرمینس کیلئے منعقدہ تربیتی پروگرام میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے ضلع کلکٹر دیوا کر ٹی ایس کے ساتھ مل کر ضلع ملگ کے انچرلا میں پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا 99 ویں دن کے پروگرام کے حصہ کے طور پر نو منتخب سرپنچوں، کونسلرس کیلئے تربیتی کلاسس کا آغاز کیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ۔۔

Sound Byte Seethakka

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر دامودر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ عوامی نمائندوں کو پنچایت اور بلدی قوانین کے بارے میں مکمل شعور بیداری حاصل کر کے بہتر انتظامی صلاحیت کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔سنگاریڈی میں پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے تحت نومنتخب عوامی نمائندوں کے لیے منعقدہ تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے یہ بات کہی۔

Byte Minister Damodar

اس موقع پر سنگاریڈی ضلع کے نرسنگ طلبہ کے لیے شروع کی گئی خصوصی بس کو بھی وزیر نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

MLA defection case

تلنگانہ میں ارکانِ اسمبلی کے انحراف کے معاملے میں سپریم کورٹ نے اہم فیصلہ سنایا ہے۔بی آر ایس کی جانب سے دائر درخواستوں پر سماعت مکمل ہونے کا عدالت نے اعلان کیا۔اس موقع پر اسپیکر کی جانب سے پیش ہوئے وکیل ابھیشیک سنگھوی نے عدالت کو بتایا کہ اس معاملے پر اسپیکر پہلے ہی اپنا فیصلہ سنا چکے ہیں۔ان دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے سماعت کو ختم

کر دیا۔تاہم بی آر ایس کے وکیل نے عدالت سے کہا کہ انہیں فیصلے کی نقل موصول نہیں ہوئی ہے۔اس پر عدالت نے اسپیکر کو ہدایت دی کہ دو دن کے اندر فیصلے کی نقل درخواست گزاروں کو فراہم کی جائیں۔ساتھ ہی اس کیس سے متعلق مکمل شواہد اور تفصیلات چار دن کے اندر عدالت میں پیش کرنے کا بھی حکم دیا گیا۔

Governor Shiv Pratap Shukla

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے آج اپنے ارکانِ خاندان کے ساتھ یادگیری گٹہ میں واقع شری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں درشن کئے۔گورنر کا استقبال سرکاری وِپ اور آلیرو کے رکن اسمبلی بی آئیلیا، ضلع کلکٹر انوراگ جینتی، ایس پی اکشانش یادو، ایڈیشنل ریونیو کلکٹر وینکٹ ریڈی اور ریونیو ڈویژنل آفیسر کرشنا ریڈی نے کیا۔مندر کے ایگزیکٹو آفیسر بھوانی شنکر کی قیادت میں چیف پجاریوں اور وید پنڈتوں نے روایتی انداز میں پُورنا کمبھم کے ساتھ گورنر کا استقبال کیا۔

China Reddy

ریاستی منصوبہ بندی کے نائب صدر ڈاکٹر چنا ریڈی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے طب، تعلیم، صحت اور کھیلوں کے شعبہ پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے انہیں مضبوط بنانے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے آج ونپرتی میں 99 دن کے پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے حصہ کے طور پر نومنتخب میونسپل کونسلرس، سرپنچوں اور نائب سرپنچوں کے لئے منعقدہ ایک روزہ تربیت پروگرام سے خطاب کیا۔

Property Tax

جی ایچ ایم سی کمشنر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سال 2025-26ء سے متعلق گریٹر حیدرآباد کے حدود میں زیرالتوا جائیداد کے ٹیکس سے متعلق ادائیگی اگر اس مہینہ کی 21 تاریخ سے پہلے کی جاتی

ہے تو ون ٹائم سٹلمنٹ اسکیم کے تحت شرح سود پر 90 فیصد رعایت دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے خواہش کی کہ وہ بروقت جائیداد ٹیکس ادا کرتے ہوئے شہر کی ترقی میں تعاون کریں۔

Komatireddy Venkat Reddy

کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ عوام کے ساتھ دوستانہ تعلقات ایک مرتبہ پھر عوامی نمائندوں کو کامیاب کروائیں گے۔ انہوں نے ضلع نلگنڈہ میں میونسپل کارپوریٹرس، کونسلرس کے تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نمائندے ترقیاتی اور فلاحی کاموں کے ذریعہ عوام سے رابطہ میں رہیں۔ ریاستی وزیر نے یہ بھی کہا کہ منتخب امیدوار اس مقام کو عہدہ نہ سمجھیں بلکہ ذمہ داری سمجھیں۔

○○